تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

June 07, 2023

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ اسکول میں طلبا کے لیے انٹنسیو سمر کیمپ کا انعقاد

جامعہ سینیئر سیکنڈری اسکول (مورنگ شفٹ) اور مڈل اسکول ایک ساتھ مل کر گیارہ سے اٹھارہ سال کی عمر کے بچوں کے لیے بارہ جون سے چھبیس جون دو ہزار تئیس تک ایک پندرہ روزہ انٹنسیو سمر کیمپ منعقد کریں گے۔ مشیر فاطمہ نرسری اسکول جامعہ ملیہ اسلامیہ بھی چار سے دس سال کی عمر کے بچوں کے لیے پندرہ جون سے چوبیس جون دو ہزار تئیس کے درمیان ایک دس روزہ سمر کیمپ منعقد کر رہا ہے۔ کیمپ کے انعقاد کا مقصد گرمی کے بریک کے دوران اسکول کے طلبا کو صرف جامعہ کے اسکول سے نہیں بلکہ جامعہ کی سرحدوں سے پرے آباد لوگوں کی ضرورتوں کو پورا کرنے کی غرض سے انھیں سیکھنے کا موقع فراہم کرنا ہے۔

مختلف ذہنی اور انفرادی گونا گونیت سے نمٹنے کے لیے مختلف سطحوں پر کیمپ کا انعقاد کیا جائے گا۔ سمر انٹنسیو کیمپ میں متعدد سرگرمیوں انجام پائیں گی جن سے طلبا سیکھیں گے پھر بھولیں گے اور دوبارہ سیکھیں گے اور اس طرح ہمہ جہت شخصیت بن کر ابھریں گے۔

شخصیت کے فروغ، انداز گفتگو کی مہارت، کھیل کود، مارشل آرٹس، زندگی کی مہارتیں، مسئلے کو حل کرنے کی صلاحیت اور غور وفکر کی صلاحیت، تھیٹر، آرٹس اور موسیقی کو دھیان میں رکھتے ہوئے طلبا کی ضرویات کے لحاظ سے مختلف سطحوں پر جملہ جامعہ نصاب تیار ہوگا۔ آموزشی نتائج کو بہتر کرنے کی غرض سے مذاکراتی طریقہ تدریس، تجربہ اور گروپ اور جماعت میں سرانجام پانے والی سرگرمیاں بھی ان میں شامل ہوں گی۔ صلاحیتوں کے فروغ کے لیے اور اسکولی نصاب سے باہر مختلف علوم کی دریافت کے لیے مخصوص ورکشاپ بھی کرائے جائیں گے۔

کیمپ کے شرکا میں تخلیقیت، اختراع اور اکیسویں صدی کی مہارتوں کے فروغ پر زور ہوگا۔ کیمپ میں شامل ماہرین اور پروفیشنل بطور مینٹر کام کریں گے اور طلبا کی رہنمائی کے ساتھ انھیں تحریک دیں گے۔ کیمپ کے دوران سرانجام پانے والی سرگرمیوں میں طلبا کلاس روم سے حاصل شدہ معلومات کا اطلاق حقیقی دنیا میں کریں گے اور اپنی ذہن وفکر کو وسعت دیں گے۔ جسمانی صحت ،اشتراک اور سماجی ربط ضبط کو فروغ دینے کے لیے تفریح کے مشاغل جیسے کہ کھیل، آوٹ ڈور مہمات، ٹیم سازی کی مشق اور تہذیبی و ثقافتی پروگرام بھی شامل ہوں گے۔

یونیورسٹی،عجائب خانہ اور آس پاس کے اہم مقامات کی سیر بھی کرائی جائے گی تاکہ ان کی تجرباتی آموزش بہتر ہوسکے۔کیمپ میں اساتذہ اور مینٹرز ہر طالب علم کی ترقی پر نظر رکھیں گے تاکہ جہاں مزید بہتر کرنے کی گنجائش ہو وہاں وہ رہنمائی کرسکیں اور ان کی ہمہ جہت شخصیت کے فروغ میں اپنا رول ادا کرسکیں۔

کیمپ میں شامل ہونے والے ہر طالب علم سے آٹھ ہزار روپے بطور فیس لیے جائیں گے اور رجسٹریشن کی آخری تاریخ دس جون دو ہزار تیئیس ہے۔کیمپ جامعہ ملیہ اسلامیہ سینئیر سیکنڈری اسکول میں صبح نو بجے سے دوپہر بارہ بجے تک (تین گھنٹے) لگایا جائے گا۔

مشیر فاطمہ نرسری اسکول جامعہ ملیہ اسلامیہ بھی چار سے دس سال کی عمر کے بچوں کے لیے پندرہ جون سے چوبیس جون دو ہزار تیئیس کے درمیان ایک دس روزہ سمر کیمپ منعقد کررہا ہے۔کیمپ کے انعقاد کا مقصد جامعہ اسکول کے طلبا اور آس پاس کے لوگوں کو ایسا پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے کہ وہ تعلیم سے باہر بھی نئی نئی صلاحیتیں اور مہارتیں سیکھ سکیں اور اپنی معلومات،تخلیقیت اور تجربے میں اضافہ کرسکیں۔

کیمپ میں آموزش کو بہتر کرنے اور مختلف صلاحیتوں اور مہارتوں کے فروغ کے لیے رقص،ڈراما،موسیقی،زومبا،آرٹ ،کرافٹ،کٹھ پتلی تھیٹر،سائنس تجربات اور دوسرے تفریحی کھیل بھی کرائے جائیں گے۔کیمپ میں شامل ماہرین اور پروفیشنل بطور مینٹر کام کریں گے اور طلبا کی رہنمائی کے ساتھ انھیں تحریک دیں گے

یونیورسٹی،عجائب خانہ اور آس پاس کے اہم مقامات کی سیر بھی کرائی جائے گی تاکہ ان کی تجرباتی آموزش بہتر ہوسکے۔کیمپ میں اساتذہ اور مینٹرز ہر طالب علم کی ترقی پر نظر رکھیں گے تاکہ جہاں مزید بہتر کرنے کی گنجائش ہو وہاں وہ رہنمائی کرسکیں اور ان کی ہمہ جہت شخصیت کے فروغ میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔

سمر کیمپ (دو ہزار تیئیس) کی تفصیلات یہ ہیں:

ایج گروپ: چار سال سے دس سال

داخلہ فیس: مبلغ پانچ ہزار روپے فی کس

رجسٹریشن کی تاریخ: آٹھ جون دو ہزار تیئیس

کیمپ کا وقت: صبح نو بجے سے دوپہر بارہ بجے (تین گھنٹے)

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی